## سوال

(626) بالوں کو خضاب لگانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بالوں پر سرخ یا بھورے رنگ (BrownColour) کا خضاب لگانا جائز ہے ؟ اور کالا خضاب کن حالتوں میں لگایا جا سکتا ہے ؟ (محمد ایوب ہٹھان ، ماتلی ضلع بدین) (۴اپریل ۲۰۰۳ء)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احادیث میں صرف کالے خضاب کی ممانعت وارد ہے، اس کے علاوہ تمام رنگ استعمال کرنے جائز ہیں تاہم بعض علماء نے جہاد کی حالت میں سیاہ خضاب کی بھی اجازت دی ہے اور بعض نے مطلقاً (یعنی عام حالات میں بھی) رخصت دی ہے۔ سلف میں سے سعد بن ابی وقاص ، عقبہ بن عامر، حسن ، حسین ، جریر وغیرہ رخصت کے قائل ہیں۔ ابن ابی عاصم نے 'کتاب الخضاب'' میں اسی مسلک کو اختیار کیا ہے۔ لیکن راجح بات یہ ہے کہ خالص سیاہ خضاب مطلقاً ناجائز ہے۔ حدیث جابر رضی اللہ عنہ میں ہے:

'جَنِّبُوا السَّوَادَ۔' (مسند احمد، رقم:۱۴۶۴۱)

''یعنی اسے خضاب لگاؤ مگر کالے رنگ سے بچاؤ۔''

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: فتح الباری: (۲۵۴/۱۰۔۳۵۵)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**جلد:3،کتاب اللباس:صفحہ:465**